## رائے شماری

## "معشیت"

# پاکستان میں تقریباً ہر 10 میں سے 6 (59٪) کاروباری اداروں کے مطابق گزشتہ سال کے دوران اُن کی سیلز میں کمی آئی ہے۔ ہر 5 میں سے 1 کاروباری ادارے کے مطابق سیلز میں کوئی فرق نہیں پڑا:

**(گیلپ بزنس کانفیڈینس سروے Q4 2021)،**


اسلام آباد، 15 نومبر، 2021

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں تقریباً ہر 10 میں سے 6 (59٪) کاروباری اداروں کے مطابق گزشتہ سال کے دوران اُن کی سیلز میں کمی آئی ہے۔ ہر 5 میں سے 1 کاروباری ادارے کے مطابق سیلز میں کوئی فرق نہیں پڑا۔

بزنس کانفیڈینس سروے Q4 2021 کی مکمل رپورٹ کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں:

سروے میں پاکستان بھر سے قومی سطح پر کاروباری اداروں کے منتخب نمائندوں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ بارہ ماہ کی نسبت اب ان کی سیلز میں کمی آئی ہے، اضافہ ہوا ہے یا کوئی فرق نہیں پڑا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ اب آپ کی سیلز پر کیا اثر پڑا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 59٪ جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ بارہ ماہ کی نسبت اب اُن کی سیلز میں کمی آئی ہے، 21٪ جوابدہندگان کے مطابق اُن کی سیلز میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ 20٪ جوابدہندگان کے مطابق اُن کی سیلز پر کوئی فرق نہیں پڑا ہے۔ وہ جوابدہندگان جنہوں نے سیلز میں اضافہ یا کمی کا بتایا سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"اگر سیلز کم یا زیادہ تھی تو اوسطاً سیلز کتنی کم یا زیادہ تھی؟"**۔ اس سوال کے جواب وہ کاروباری افراد جنھوں نے سیلز میں اضافے کی اطلاع دی، جب اُن سے پوچھا گیا کہ آپ کی آمدنی میں کتنا اضافہ ہوا تو اُنھوں نے اوسطاً 20٪ تک اضافے کا بتایا (سب سے زیادہ رپورٹ کی جانے والی ویلیو) اور جن کاروباری افراد نے سیلز میں کمی کی اطلاع دی اُنھوں نے وصولیات میں 40٪ سے 60٪ کمی کا بتایا (سب سے زیادہ وپورٹ کی جانے والی ویلیو)۔


*" بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ بارہ ماہ کی نسبت اب ان کی سیلز میں کمی آئی ہے، اضافہ ہوا ہے یا کوئی فرق نہیں پڑا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ اب آپ کی سیلز پر کیا اثر پڑا ہے؟"*




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## نتائج کے اعتبار سے:

تقریباً ہر 10 میں سے 6 سروسز فراہم کرنے والے اداروں نے سیلز میں کمی کی اطلاع دی، اور اس کے قریب تر 55٪ اشیاء تیار کرنے والے اداروں نے سیلز میں کمی کی اطلاع دی۔




گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان بھر کے 581 کاروباری اداروں سے 13 اکتوبر 2021 تا 28 اکتوبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95٪ اعتماد کے ساتھ تقریباً +2-3٪ لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, November 15, 2021**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan (1980-2021)